NYC Health
NEW YORK CITY DEPARTMENT OF HEALTH AND MENTAL HYGIENE
Ashwin Vasan, MD, PhD
Commissioner

5 اپریل 2024

عزیز والدین اور سرپرست،

اپنے بچوں کو صحت مند رکھنے کے لیے یہ یقینی بنانا نہایت اہم ہے کہ آپ کے بچے کو آج تک کے لیے مطلوب تمام مدافعتی ٹیکے لگ چکے ہیں۔ ٹیکے (ویکسینز) ہمارے اسکولوں اور برادریوں میں جان لیوا بیماریوں کو داخل ہونے سے روکتی ہیں۔ فی الوقت، متعدد ملکوں میں میزلز کی بیماری پھیل رہی ہے، بشمول ریاستہائے متحدہ کے۔ 2024 میں نیو یارک شہر (NYC) میں میزلز کے چار کیسز ہو چکے ہیں۔ حال ہی میں ریاستہائے متحدہ اور یہاں نیو یارک شہر میں خناق (کالی کھانسی) (کے کیسز) میں اضافہ ہوا ہے۔ 2022 میں، نیو یارک ریاست میں پولیو کا ایک کیس بھی ہوا تھا، ایک خطرناک بیماری جو کہ 2013 سے اب تک ریاستہائے متحدہ میں ظاہر نہیں ہوئی ہے۔ یہ تمام بیماریاں معمول کے طفلی ٹیکوں کے ذریعے قابل اجتناب ہیں۔

شہر کے ڈاکٹر کے طور پر اور اسکول کی عمر کے بچوں کے والدین کے طور پر میں یہ یقینی بنانے کے لیے آپ کی مدد کی درخواست کررہا ہوں کہ ہمارے بچوں کو اپنا اور ہماری برادریوں کا تحفظ کرنے کے لیے درکار ٹیکے لگ چکے ہیں۔

براہ کرم اپنے بچے کے مدافعتی ٹیکوں کے ریکارڈ کی جانچ کریں اور اپنے بچے کو کوئی بھی نہ لگے ہوئے ٹیکے لگوانے کے لیے ان کے طبی نگہداشت فراہم کنندہ کے پاس لے جائیں۔ اگر آپ کے پاس ان کے ریکارڈ نہیں ہیں، اپنے بچے کے طبی نگہداشت فراہم کنندہ سے رابطہ کریں تاکہ وہ آپ کو بتا سکیں کہ اگر آپ کے بچے کو آج تک کے ٹیکے لگ چکے ہیں یا ان کو اب تک کن ویکسینز کی ضرورت ہے۔ آپ اپنے بچے کے ریکارڈ کو دیکھنے کے لیے کہ اس کو ویکسینز نیو یارک شہر میں لگی ہیں یا ان کے فراہم کنندہ نے ان کے ریکارڈ کہیں اور سے داخل کیے ہیں کے لیے آن لائن myvaccinerecord.cityofnewyork.us/myrecord پر مائی ویکسینز ریکارڈ پر بھی جا سکتے ہیں۔ آپ کا بچے کا اسکول بھی آپ کو بتا سکتا ہے کہ آپ کے بچے کو اسکول میں شرکت کرنے کے لیے اب تک کونسی ویکسینز کی ضرورت ہے۔

دنیا بھر میں میزلز کی ویکسینز لگوانے کی گرتی ہوئی شرح پھیلاو کا نتیجہ بنی ہے، جس کی وجہ سے ریاستہائے متحدہ سے ٹیکے نہ لگوائے ہوئے مسافروں کے بیمار ہونے کے اور گھر واپس آنے پر وائرس کو پھیلانے کے امکان میں اضافہ کیا ہو چکا ہے۔ میزلز نہایت متعدی مرض ہے لیکن یہ MMR (میزلز، ممپس اور روبیلا) ٹیکے کے ذریعے مکمل طور پر قابل اجتناب ہے۔ MMR ویکسینز محفوظ ہیں اور دو خوراکوں کے بعد میزلز کے خلاف 97% تحفظ فراہم کرتی ہے۔ **اگر آپ اس موسم بہار یا گرما میں سفر کریں گے، خاص طور پر دوسرے ملکوں کا تو یہ یقینی بنائیں کہ آپ کے بچے کو MMR کی دونوں خوراکیں لگ چکی ہیں۔** آپ کے بچے کا فراہم کنندہ ویکسین لگوانے کے ترمیم شدہ شیڈول کی تجویز کر سکتا ہے تاکہ آپ کا بچہ سفر کرتے وقت محفوظ رہے۔

نیو یارک شہر اسکول ویکسینیشنز مطلوبات کے بارے میں معلومات کے لیے schools.nyc.gov/school-life/health-and-wellness/immunizations پر جائیں۔ اگر آپ کے پاس ایک فراہم کنندہ نہیں ہے تو اپنے نزدیک ایک این وائی سی ہیلتھ + ہوسپیٹل مقام کو تلاش کرنے کے لیے nychealthandhospitals.org/locations پر جائیں یا 844-NYC-4NYC (844-692-4692) پر کال کریں۔

آپ بروکلن میں نیو یارک شہر محکمئہ صحت فورٹ گرین ہیلتھ سینٹر کا دورہ بھی کر سکتے ہیں۔ مقررہ وقت ملاقات (اپوئیٹمنٹ) مطلوب ہے: nyc.gov/health پر جائیں اور آن لائن اپوائیٹمنٹ فارم کو مکمل کرنے کے لیے immunization clinics کو تلاش کریں، یا ایک اپوائیٹمنٹ بنانے کے لیے 311 پر رابطہ کریں۔

ہم آپ کی اپنے بچے کے فراہم کنندہ سے دیگر ویکسینز لگوانے کے بارے میں بات کرنے کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں جیسے کہ COVID-19، انفلوئینزا (فلو) اور HPV (ہیومن پیپیلوماوائرس) جو کہ اسکول میں شرکت کرنے کے لیے مطلوب نہیں ہے لیکن آپ کے بچے کی صحت کا تحفظ کرنے کے لیے ضروری ہے۔ 13 سال کی عمر کے صرف نصف نوبالغان کو ان کی آج تک کی HPV ویکسین لگ چکی ہے، حالانکہ HPV ویکسین HPV کے باعث ہونے والے سرطان سے بچنے کے لیے نہایت موثر ہے۔

ہم چاہتے ہیں کہ آپ اور آپ کا خاندان اس موسم بہار اور اس کے بعد تندرست رہیں۔ میں آپ کی ویکسینیشن کے بارے میں معلومات کے لیے مراکز برائے بیماری کی روک تھام اور بچاو کے معلومات کے والدین اور نگہداشت فراہم کنندگان کے cdc.gov/vaccinesafety/caregivers ویب پیج پر جانے کی حوصلہ افزائی کرتا ہوں۔

میں آپ کے اور آپ کے خاندان کے لیے ایک محفوظ اور صحت مند موسم بہار وقفے کا دعا گو ہوں۔

بخلوص،

Ashwin Vasan, MD, PhD
کمشنر
نیویارک شہر محکمئہ
صحت اور دماغی صحت